Department of Health & Social Care

UNIVERSITY OF OXFORD

Office for National Statistics


تحقیق کے لیے رابطہ (انگلستان): **0800 085 6807**
تحقیق کے لیے رابطہ (ویلز): **0800 917 9323**
تحقیق کے لیے رابطہ (شمالی آئرلینڈ): **0800 917 5825**
تحقیق کے لیے رابطہ (اسکاٹ لینڈ): **0800 917 5824**


# کوویڈ-19 انفیکشن سروے

کوویڈ-19 انفیکشنز کے ملکی سطح کے سب سے بڑے سروے میں حصہ لیں۔

**آپ کی معاونت اِس عالمی وباء کا حل تلاش کرنے اور معمول کی زندگی کی جانب لوٹنے میں مدد کرے گی۔**

## یہ سروے کس بارے میں ہے؟

- سروے کا مقصد یہ پتہ چلانا ہے کہ کتنے لوگوں کو کوویڈ-19 ہے، علامات کے ساتھ یا علامات کے بغیر۔
- اِس سروے کا مقصد لوگوں کے خون میں اینٹی باڈیز کی سطح ماپ کر یہ پتہ چلانا بھی ہے کہ کتنے لوگوں کو پہلے ہی کوویڈ-19 ہو چکا ہے یا کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکوں کے سلسلے میں طاقتور رِدعمل ہوا ہو۔
- یہ خصوصی طور پر اہم ہو جاتا ہے جب زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کوویڈ-19 کے خلاف حفاظتی ٹیکے لگنے لگتے ہیں اور ہم نگرانی کرنے لگ جاتے ہیں کہ حقیقی دنیا میں حفاظتی ٹیکے کتنا اچھا کام کرتے ہیں۔
- اپریل 2020 سے آفس فار نیشنل سٹیٹسٹکس اور یونیورسٹی آف آکسفرڈ یوکے کی حکومت کی جانب سے سروے کر رہے ہیں۔

Scottish Government Riaghaltas na h-Alba gov.scot

HSC Health and Social Care

Llywodraeth Cymru Welsh Government


**تحقیق کا خلاصہ** | کوویڈ-19 انفیکشن سروے | ورژن **8.0** تاریخ: 29 اپریل 2021 | ایتھکس ریفرنس: 20/SC/0195 | آئی آر اے ایس پروجیکٹ ائی ڈی: 283248
چیف محقق: پروفیسر این سارہ واکر

## مجھے حصہ کیوں لینا چاہیے؟

- کورونا وائرس کے خلاف جاری جنگ میں ہمیں آپ جیسے گھرانوں کی ضرورت ہے کہ وہ اُن ہزاروں گھرانوں میں شامل ہو جائیں جو کہ پہلے ہی کوویڈ-19 انفیکشن کے سروے میں حصہ لے رہے ہیں۔
- سروے میں آپ کی شرکت سے ہمیں آپ کے علاقے میں کوویڈ-19 انفیکشنز کا ایک خاکہ تیار کرنے میں مدد ملے گی۔ یہ یقینی بنانے میں مدد کرے گی کہ لوکل توڑ مناسب اور موثر ہو۔
- ہم صرف اُن لوگوں کو ٹیسٹ نہیں کر رہے جن میں وائرس ہونے کی علامات، جیسے بخار یا کھانسی، ہوں کیونکہ ہمیں علم ہے کہ بعض اوقات لوگوں کو علامات کے بغیر بھی وائرس ہو سکتا ہے۔
- تحقیق میں شامل ہونا مکمل طور پر آپ کی مرضی ہے۔ آپ کی طرف سے دی گئی تمام تر معلومات کو قانونی تحفظ حاصل ہے اور اِسے صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔
- اِس سروے میں شرکت کرنے والا ہر فرد جب کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگوانے کا اہل ہو تو وہ یہ لگوا سکتا ہے - اور جن لوگوں کو کوویڈ-19 کے حفاظتی ٹیکے لگ چکے ہیں وہ بھی سروے میں شامل ہو سکتے ہیں۔

## سروے میں کیا ہوتا ہے؟

- سروے ٹیم کا ایک رکن 2 سال سے زیادہ عمر کے ہر اُس فرد کے بارے میں چند سوال پوچھے گا جو حصہ لینے کے متمنی ہوں۔
- وہ 12 سالہ یا زیادہ عمر کے افراد کو دکھائیں گے کہ حلق اور ناک سے روئی کے چھوٹے گولوں (سوابز) کی مدد سے خود نمونے کیسے لیے جاتے ہیں۔ ہم والدین یا کیئررز کو کہیں گے کہ وہ 11-2 سالہ بچوں کے سواب خود لیں۔ سواب ایک نرم اسفنج ہوتا ہے جو کہ ایک ڈنڈی پر لگا ہوا ہوتا ہے۔
- سروے ٹیم کا رکن آپ کے گھر میں داخل نہیں ہو گا اوہ وہ مناسب پی پی ای اپنے ساتھ لائیں گے اور سماجی دوری برقرار رکھے گا۔
- ہم 16 سالہ یا بڑی عمر کے کسی بھی فرد کے خون کا نمونہ لینا چاہیں گے۔ آپ کو اِس کے لیے راضی ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔
- آپ ہماری طرف سے فراہم کردہ کِٹ استعمال کرتے ہوئے فنگر پرِک کے ذریعے خون لے کر یہ خود کریں گے۔

**آپ راضی ہو سکتے ہیں:**

ا) صرف ایک وزٹ کے لیے

ب) پہلی وزٹ اور ایک ماہ کے لیے ہر ہفتے میں ایک بار وزٹ کے لیے (کل 5 وزٹ)

ج) پہلی وزٹ اور ایک ماہ کے لیے ہر ہفتے میں ایک بار وزٹ کے لیے اور پھر ماہانہ وزٹس کے لیے جب تک کہ سروے مکمل نہیں ہو جاتا (کم از کم کل 6 وزٹ)۔ فی الحال سروے اپریل 2022 تک جاری رہے گا۔ اگر اِس میں تبدیلی آئے گی تو ہم آپ کو مطلع کر دیں گے۔

ایک ویڈیو دیکھنے کے لیے جو دکھاتی ہو کہ فنگر پرِک ٹیسٹ کے ذریعے اپنا خون کیسے لینا ہے، دیکھیں **www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/video-guides**

ایک ویڈیو دیکھنے کے لیے کہ سواب کیسے لینا ہے، دیکھیں **www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/video-guides**

نمونہ

## میں حصہ کیسے لوں؟

حصہ لینے کے لیے آپ کو **جتنی جلدی ممکن ہو ہمارے ساتھ رجسٹر ہونا ہو گا:**

1. رجسٹریشن ٹیم کو **0800 085 6807** (انگلستان)، **0800 917 9323** (ویلز)، **0800 917 5825** (شمالی آئرلینڈ)، **0800 917 5824** (اسکاٹ لینڈ) پر کال کریں۔ اگر آپ فون استعمال نہ کر پائیں، مثال کے طور پر سُننے یا بولنے کی معذوری کی وجہ سے، تو آپ **iqvia.covid19survey@nhs.net** پر ای میل کر سکتے ہیں۔

2. ایک بار جب آپ رجسٹر ہو جائیں تو اگلی بار ہم آپ سے اُس وقت رابطہ کریں گے جب سروے ٹیم کا ایک رکن **مجوزہ وزٹ سے ایک دن** قبل آپ سے رابطہ کرے گا۔

   اگر یہ وقت آپ کے لیے موافق نہ ہو تو آپ اِسے تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کے رجسٹر ہونے کے بعد اگلے ہفتے کے دوران آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

3. اپوائنٹمنٹ کے دن پر **سروے ٹیم کا ایک رکن وزٹ مکمل کرنے کے لیے آپ کے گھر آئے گا۔** سروے ٹیم کے رکن کو آپ کے گھر میں داخل ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔

## حصہ لینے کے لیے مجھے کیا ملے گا؟

- سروے میں حصہ لینے والے ہر فرد کو مکمل کی جانے والی پہلی ہوم وزٹ کے لیے £50 کا واؤچر ملے گا۔
- بعد میں مکمل کی جانے والی ہر وزٹ کے لیے اُنہیں £25 کا واؤچر ملے گا۔

ℹ واؤچرز صرف اُن وزٹس کے لیے ملیں گے جو مکمل کی جائیں۔ اگر سروے رک جائے گا یا آپ چھوڑنے کا فیصلہ کر لیں تو اُن وزٹس کے لیے کوئی واؤچرز نہیں ملیں گے جو نہیں ہوتیں۔

## میرے ڈیٹا کا کیا ہو گا؟

- آپ کی طرف سے دی گئی تمام تر معلومات کو قانونی تحفظ حاصل ہے اور اِسے صیغۂ راز میں رکھا جائے گا۔
- یہ تمام نمونے آفس آف نیشنل سٹیٹسٹکس اور یونیورسٹی آف آکسفرڈ کی جانب سے اکٹھے کیے جائیں گے۔
- اِن تمام نمونوں کی ٹیسٹنگ یونیورسٹی آف آکسفرڈ اور نیشنل لائٹ ہاؤس لیبارٹریز کریں گی۔
- آپ کی طرف سے مکمل کردہ تمام ٹیسٹ کے نتائج آپ کو بتائے جائیں گے۔
- یہ سروے کرنے والی کمپنیاں آپ کی معلومات صرف ایس سروے کے لیے ہی استعمال کریں گی - براہ مہربانی مزید تفصیل کے لے پارٹیسیپنٹ انفارمیشن شیٹ یعنی حصہ لینے والوں کے لیے معلوماتی مقارچہ ملاحظہ کریں کہ آپ کے ڈیٹا کے ساتھ کیا ہو گا۔
- نتائج پہلے ہی سے شیئر کیے جار رہے ہیں تاکہ ہر کسی کو پتہ چلے کہ ہم کیا دریافت کر رہے ہیں **(www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/results)** ان معلومات میں آپ یا آپ کے خاندان کا نام کہیں پر نہیں لیا جائے گا۔

## مزید معلومات اور مفید ویب سائٹس:

ایک ویڈیو دیکھنے کے لیے جو دکھاتی ہو کہ فنگر پرِک ٹیسٹ کے ذریعے اپنا خون کیسے لینا ہے، دیکھیں
www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/video-guides

ایک ویڈیو دیکھنے کے لیے کہ سواب کیسے لینا ہے، دیکھیں
www.ndm.ox.ac.uk/covid-19/covid-19-infection-survey/video-guides

اِس خلاصے کے چند ترجمے اور سروے کے بارے میں دیگر معلومات www.ons.gov.uk/cis/languages پر دستیاب ہیں

مزید معلومات کے لیے حصہ لینے والوں کے لیے مفصل معلوماتی مقارچہ ملاحظہ کریں جو کہ اِس لیف لیٹ کے ساتھ آیا تھا، یا www.ons.gov.uk/cis پر جائیں

**اگر آپ لیف لیٹ میں بیان کردہ کسی طرح کے مسائل سے بھی متاثر ہوتے ہوں یا آپ کوویڈ-19 کے بارے میں معلومات کے متلاشی ہوں تو براہ مہربانی وزٹ کریں:**

- کورنا وائرس کی وضاحت: coronavirusexplained.ukri.org/en/
- حکومتی گائڈلائنز: www.gov.uk/coronavirus (انگلستان)، www.gov.wales/coronavirus (ویلز)، www.nidirect.gov.uk/campaigns/coronavirus-covid-19 (شمالی آئرلینڈ)، www.gov.scot/collections/coronavirus-covid-19-guidance/ (اسکاٹ لینڈ)
- این ایچ ایس ایڈوائس یعنی مشورہ: www.nhs.uk/conditions/coronavirus-covid-19/ (انگلستان)، www.gov.wales/coronavirus (ویلز)، www.nidirect.gov.uk/articles/coronavirus-covid-19-overview-and-advice (شمالی آئرلینڈ)، www.nhsinform.scot/illnesses-and-conditions/infections-and-poisoning/coronavirus-covid-19 (اسکاٹ لینڈ)
- Samaritans - ہر ایک کے لیے جذباتی سپورٹ: www.samaritans.org
- Mind - ذہنی صحت کے مسائل سے دوچار کسی بھی فرد کے لیے مشورہ اور سپورٹ www.mind.org.uk